سوال نمبر:1692

منجانب: آمنہ سردار، ممبر صوبائی اسمبلی

| جواب | سوال | نمبر شمار |
|---|---|---|
| **الف:** جی ہاں، سوشل ویلفیئر آفس ایبٹ آباد میں ڈسٹرکٹ آفسر موجود ہے۔ | کیا وزیر زکوۃ، عشر، سوشل ویلفیئر اینڈ وویمن ایماورمنٹ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ۔۔۔<br>**الف:** آیا یہ درست ہے کہ سوشل ویلفئیر آفس ایبٹ آباد میں ڈسٹرکٹ آفیسر موجود ہے؟ | الف |
| **ب:** یہاں یہ امر قابل ذکر ہے کہ محکمہ سماجی بہبود میں سوشل ویلفئیر آفسر کی کل (51) آسامیاں ہیں۔ جس میں فی الحال 13 خالی ہیں۔ جس کے پُر کرنے پر مروجہ طریقہ کار کے مطابق وقت لگے گا، اسلئے مسماۃ سائرہ مشتاق، سینئر لیکچرر (BS-17) کو ڈسٹرکٹ آفسر سوشل ویلفیئر ایبٹ آباد کے عہدے پر عارضی طور پر تعینات کی گئی ہے۔ جس کی تعلیمی قابلیت بیچلر آف لا (LLB) ہے۔ اس قسم کے تعیناتی کی اجازت سول سرونٹ ایکٹ 1973 کے سیکشن 10 میں موجود ہے۔ جس کے رو سے ہر سرکاری ملازم صوبے کے اندر یا باہر کسی بھی مرکزی حکومت، صوبائی حکومت، لوکل اتھارٹی یا کارپوریشن باڈی کے تحت تعینات ہو سکتا رسکتی ہے۔<br><br>مزید براہ یہ تعیناتی خالصتاً عارضی بنیاد پر ہے اور مذکورہ آسامی کی اپنی مستقل آفسر آنے پر مذکورہ ڈسٹرکٹ آفسر سوشل ویلفیئر اپنے محکمے میں واپس بھیج دیا جائے گا۔ | **ب:** اگر (الف) کا جواب مثبت میں ہو تو آیا مذکورہ ڈسٹرکٹ آفیسر کی تعیناتی عارضی طور پر کی گئی یا مستقل بنیادوں پر، نیز جس طریقہ کار کے تحت تقرری ہوئی اس کی تفصیل مروجہ اور طے شدہ قواعد وضوابط کے تحت فراہم کی جائے۔ | |